A

Surname ______________________

Forename(s) ______________________

Centre Number ______________________

Candidate Number ______________________

Candidate Signature ______________________

I declare this is my own work.

# GCSE
# URDU

# H

## Higher Tier Paper 3 Reading

## 8648/RH

Tuesday 16 May 2023 Afternoon

Time allowed: 1 hour

At the top of the page, write your surname and forenames, your centre number, your candidate number and add your signature.

[Turn over]

JUN238648RH01

**MATERIALS**
**You will need no other materials.**

## INSTRUCTIONS

- You must NOT use a dictionary.
- Use black ink or black ball-point pen.
- Answer ALL questions.
- You must answer all the questions in the spaces provided. Do NOT write on blank pages.
- If you need extra space for your answer(s), use the lined pages at the end of this book. Write the question number against your answer(s).
- In SECTION A, answer the questions in ENGLISH.
- In SECTION B, answer the questions in URDU.
- In SECTION C, translate the passage into ENGLISH.

- **Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.**

## INFORMATION

- **The marks for questions are shown in brackets.**
- **The maximum mark for this paper is 60.**

**DO NOT TURN OVER UNTIL TOLD TO DO SO**

# SECTION A

## Questions and answers in ENGLISH

**Answer ALL questions in the spaces provided.**

**0 1**

## ME, MY FRIENDS AND FAMILY

**Read the following extract from 'Akhri Tohfa' by Munshi Premchand and the statements below.**

سارے شہر میں صرف ایک ایسی دکان تھی
جہاں باہر کے ملک میں بنی ریشمی ساڑھی مل
سکتی تھی۔ مگر لوگ باہر سے آنے والا کپڑا
استعمال نہیں کر سکتے تھے۔ احمد کی بیوی کی
فرمائش تھی اور اسے لاکر دینا احمد کی مجبوری۔

عید کا تہوار قریب تھا یہاں تک کہ وہ اصل قیمت سے زیادہ پیسے دینے کو بھی تیار تھا۔ ایک جگہ دوست سے ملاقات ہوئی تو احمد پریشانی میں بولا، "بیوی کی فرمائش صرف ریشمی ساڑھی ہی کی ہے"۔ تو دوست جھٹ سے بولا، "عورتوں کا کام فرمائش کرنا ہے اور مردوں کا اسے خوبصورتی سے ٹالنا ہے"۔

[Turn over]

Write T if the statement is TRUE.

F if the statement is FALSE.

NT if the information is NOT IN THE TEXT.

**0 1 . 1**

A silk saree was not available in any of the city's shops. [1 mark]

**0 1 . 2**

The use of imported cloth was not allowed. [1 mark]

**0 1 . 3**

Ahmed's mother-in-law asked for the saree. [1 mark]

**0 1 . 4**

Eid festival was approaching fast. [1 mark]

**0 1 . 5**

Ahmed was willing to pay extra money for the saree. [1 mark]

**0 1 . 6**

Ahmed gave up looking for the saree. [1 mark]

**0 1 . 7**

Ahmed's friend helped him find what he was looking for. [1 mark]

7

[Turn over]

**0 2**

## TOURIST INFORMATION

**You read the following information on a tourist website.**

لاہور ہزاروں سال سے صوبہ پنجاب کا دارالحکومت رہا ہے۔ مغل بادشاہوں نے اس شہر میں شاندار تاریخی عمارتیں اور باغات بنوائے۔ اس لیے اسے باغوں کا شہر بھی کہا جا تا ہے۔ اس شہر میں لاجواب کھانوں کی کمی نہیں ہے اور سردیوں میں یہاں کی مصالحہ مچھلی بہت مشہور ہے۔ یہاں کے مال روڈ پر تیز موٹر سائیکل چلانے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے اسی لیے گاڑی چلاتے وقت

احتیاط کرنا بہت ضروری ہے۔ لاہور کے
شہریوں کو برسات کے موسم کا انتظار رہتا ہے
کیونکہ وہاں زیادہ تر گرمی ہوتی ہے۔

**Answer the following questions in ENGLISH.**

**0 2 . 1**

**Who has built historic buildings and gardens? [1 mark]**

______________________________________

______________________________________

**[Turn over]**

0 2 . 2

**What is the other name given to this city? [1 mark]**

________________________________________

________________________________________

0 2 . 3

**Which Lahori dish is famous in the winter season? [1 mark]**

________________________________________

________________________________________

**0 2 . 4**

**Why is it necessary to be extra careful when driving on Mall Road? [1 mark]**

**0 2 . 5**

**Which season is most looked forward to in Lahore? [1 mark]**

5

**[Turn over]**

**0 3**

## HEALTHY DIET

**You read these blogs about a healthy diet by three young Pakistani people.**

**Waqar**

میں اپنی صحت کا بہت خیال رکھتا ہوں۔
میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ میں صبح کا
ناشتہ اچھی طرح کروں اور دوپہر کو کچھ
کھانے کی بجائے رات کو ہلکا سا کھانا کھا
لوں۔ اس کے علاوہ میں کوشش کرتا ہوں
کہ گوشت سے دور رہوں اور جتنا ہو سکے
صرف سبزیاں ہی کھاؤں۔

**Mariam**

میں اپنے کھانے کی چیزوں کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہوں۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ میں تیل سے بنی چیزوں کی جگہ ابلی ہوئی چیزیں کھاؤں۔ اس سے صحت ٹھیک رہتی ہے اور انسان بیمار نہیں ہوتا۔

**Zainab**

صرف صحت بخش کھانا ہی اچھی صحت کے لیے کافی نہیں ہے۔ اچھے کھانے کے ساتھ ساتھ ورزش بھی بہت ضروری ہے۔ جم میں ہر وقت رش ہونے کی وجہ سے وہاں جانا مشکل ہوتا ہے اس لیے مجھے گھر پر ہی ورزش کرنا بہتر لگتا ہے۔

**Write the first letter of the correct name in the box.**

**Write W for Waqar.**

**M for Mariam.**

**Z for Zainab.**

**0 3 . 1**

**Who prefers to avoid lunch?**

☐ **[1 mark]**

**0 3 . 2**

**Who is keen on eating boiled food?**

☐ **[1 mark]**

0 3 . 3

**Who feels eating only healthy food is not enough?**

☐ **[1 mark]**

0 3 . 4

**Who avoids meat dishes?**

☐ **[1 mark]**

0 3 . 5

**Who prefers to exercise at home?**

☐ **[1 mark]**

5

**[Turn over]**

**0 4**

# MOBILE TECHNOLOGY

**Read this article by Anum in her school magazine about the use of technology in lessons.**

دنیا ٹیکنالوجی کے میدان میں بڑی تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ اس دور میں اب کوئی بھی کام ٹیکنالوجی کے بغیر ممکن نہیں رہا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی ٹیکنالوجی کا استعمال طالب علموں کے کچھ سیکھنے کے تجربے کو بہتر بناتا ہے۔ کلاس میں ٹیکنالوجی کا صحیح استعمال طلبا اور اساتذہ کے درمیان بہتر رابطہ قائم کرتا ہے۔ میرے خیال میں ہمارے

اسکول میں گیارہویں جماعت کے طالب علموں کو امتحانات کی تیاری کے لیے آئی پیڈ کی سہولت دینی چاہیے۔ آئی پیڈ کے ہونے کی وجہ سے بچوں کو کاغذ کا استعمال نہیں کرنا پڑے گا جو ماحول کے لیے بھی بہت فائدہ مند ثابت ہو گا۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کام کے لیے اسکول کو بہت زیادہ رقم کی ضرورت ہے۔ اس لیے ہم اپنے علاقے کے کاروباری لوگوں سے اسکول کے لیے تین سو آئی پیڈ خریدنے میں مدد کرنے کی درخواست کریں گے۔

**Write the correct letter in each box.**

**0 4 . 1**

**The use of technology in education improves students'…**

| | |
|---|---|
| A | learning experience. |
| B | time management. |
| C | vocabulary. |

☐ **[1 mark]**

**0 4 . 2**

**Integrating technology into the classroom allows for…**

| | |
|---|---|
| A | a better environment. |
| B | better communication. |
| C | more freedom. |

☐ **[1 mark]**

**0 4 . 3**

**Anum suggested offering iPads to...**

| | |
|---|---|
| A | year 10 students. |
| B | year 11 students. |
| C | teachers. |

☐ [1 mark]

**0 4 . 4**

**The iPads will help to…**

| | |
|---|---|
| A | cut the use of paper. |
| B | prepare lessons. |
| C | save resources online. |

☐ [1 mark]

**0 4 . 5**

**Anum will raise money for the iPads by…**

| | |
|---|---|
| A | asking the council. |
| B | asking the parents. |
| C | asking the local businesses. |

☐ **[1 mark]**

5

**BLANK PAGE**

[Turn over]

**0 5**

## EDUCATION POST-16

**Complete the text using words in the list.**

**Write the correct letter in each box.**
**[4 marks]**

جی سی ایس ای کے ☐ کے بعد بچوں کو
آگے کی تعلیم کے بارے میں ☐ پڑتا ہے۔
بچوں کو اپنے اسکول کے اساتذہ سے ☐
کرنا چاہیے کیونکہ ان کے پاس کئی *سالوں
کا تجربہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بچے خود
بھی اُن مضامین کے بارے میں معلومات
حاصل کریں جن کو کالجوں اور یونیورسٹیوں

میں پڑھایا جاتا ہے۔ اس بات کا خیال رہے
کہ جتنا جلدی ہو سکے اپنی پسند کے کالج یا
یونیورسٹی میں ☐ جمع کروائی جائے۔

*years of experience – سالوں کا تجربہ

[Turn over]

| | |
|---|---|
| A | تربیت |
| B | امتحانات |
| C | سوچنا |
| D | موقع |
| E | مشورہ |
| F | پڑھائی |
| G | درخواست |
| H | ملازمت |

4

**BLANK PAGE**

**[Turn over]**

**0 | 6**

# LEISURE ACTIVITIES

**You read this article about books on Facebook.**

## کتاب کا مطالعہ

ٹیکنالوجی کے آتے ہی لوگوں نے کتاب کے مطالعے کو آہستہ آہستہ اپنے مشاغل سے دور کر دیا ہے۔ پرانے زمانے میں کتاب پڑھنا ایک بہترین مشغلہ سمجھا جاتا تھا کیونکہ کتابوں کے مطالعے سے انسان دنیا کی چیزوں پر غور کرتا تھا اور اسے علم میں اضافے کا ایک آسان ذریعہ بھی مانا جاتا تھا۔ کتاب کا

انتخاب ایک اہم مسئلہ ہے اس کے لیے اسی
طرح کی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے جس
طرح دوستوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ مثال
کے طور پر ایک نیک انسان اپنے دوست
کو برائی سے بچالیتا ہے اور برا دوست اپنے
کردار کی وجہ سے دوسرے دوست کو تباہ کر
دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں اچھی عادات
اپنانے میں مدد یتی ہیں اور بری کتابیں برائی
کے راستے پر ڈال دیتی ہیں۔

[Turn over]

**Answer all parts of the question in ENGLISH.**

**0 6 . 1**

**Why was reading books considered the best hobby in the past? Give ONE detail. [1 mark]**

______________________________

______________________________

**0 6 . 2**

**What did the writer compare the selection of a book with? [1 mark]**

______________________________

______________________________

**0 6 . 3**

**What is the positive effect of reading a good book?  [1 mark]**

3

**[Turn over]**

**0 | 7**

# LOCAL AREA

**Read what these young people have written in the local newspaper about their areas.**

**Atif**

ہمارے گاؤں میں ایک وقت ایسا تھا جب ہر
طرف سبزہ اور درخت ہوتے تھے۔ گاؤں کا
ہر فرد درخت لگانا اپنا فرض سمجھتا تھا۔ یہی
وجہ ہے کہ کبھی بھی زیادہ بارش ہو تو سیلاب
آنے کا خطرہ نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ عرصے سے
درختوں میں کمی نظر آ رہی ہے کیونکہ کچھ
لوگ درختوں کو کاٹ کر گاؤں کو نقصان پہنچا
رہے ہیں۔

**Sana**

ہمارا علاقہ پُر سکون ہے۔ یہاں پر ایک بڑی
سپر مارکیٹ کھلی ہے اور اب ہمیں دوسرے
علاقوں میں خریداری کرنے نہیں جانا پڑتا۔
لیکن سپر مارکیٹ میں گاڑی کھڑی کرنے کی
جگہ کم ہے اس وجہ سے لوگ گھروں کے
سامنے گاڑیاں کھڑی کر کے سڑک بند کر
دیتے ہیں۔

[Turn over]

**For each person, write down ONE advantage and ONE disadvantage about the changes in their areas.**

**Answer the questions in ENGLISH.**

**0 7 . 1**

**Atif**

| ADVANTAGE | DISADVANTAGE |
| --- | --- |
| | |

**[2 marks]**

0 7 . 2

**Sana**

| ADVANTAGE | DISADVANTAGE |
| --- | --- |
| | |

**[2 marks]**

4

**[Turn over]**

## SECTION B

## Questions and answers in URDU

**Answer ALL questions in the spaces provided.**

**0 8**

## سماجی مسائل

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں
جو قدرت اللہ شہاب کی کتاب
"شہاب نامہ" سے لی گئی ہے۔

ایک روز لاہور میں میری ملاقات خواجہ
صاحب سے ہوئی اور باتوں میں علی
بخش کا ذکر ہوا جو اس وقت علامہ اقبال کا
ایک وفادار ملازم تھا۔ حکومت نے علی بخش

کی خدمات کے سلسلے میں اسے زمین کا کچھ

حصہ دیا جس پر کچھ لوگوں نے قبضہ کیا ہوا

تھا۔ میں نے علی بخش سے وعدہ کیا کہ اس

کو زمین دلوا کے چھوڑوں گااور ہم دونوں

گاڑی میں جھنگ کے لیے روانہ ہو گئے۔

راستے میں علی بخش کو ایسا لگا کہ میں بھی

دوسروں کی طرح علامہ اقبال کے بارے میں

سوالات پوچھ پوچھ کر اسے تنگ کروں گا

لیکن وہ حیران تھا کیونکہ میں چپ رہا۔

**[Turn over]**

ہر سوال کے صحیح جواب کا انگریزی حرف
خانے میں لکھیں۔

0 8 . 1

علی بخش کون تھا؟

| | |
|---|---|
| A | علامہ اقبال کا دوست |
| B | علامہ اقبال کا ملازم |
| C | علامہ اقبال کا رشتے دار |

[1 mark]

**0 8 . 2** حکومت نے علی بخش کو انعام میں کیا دیا تھا؟

| | |
|---|---|
| گھر | **A** |
| پیسے | **B** |
| زمین | **C** |

**[1 mark]** ☐

**[Turn over]**

**08.3** مصنف نے علی بخش سے کیا وعدہ کیا؟

| | |
|---|---|
| A | زمین دلوانا |
| B | جھنگ کی سیر |
| C | رقم دلوانا |

**[1 mark]**

0 8 . 4 علی بخش مصنف کی کس بات پر حیران تھا؟

| | |
|---|---|
| A | سوالات |
| B | خاموشی |
| C | شرارت |

[1 mark]

4

[Turn over]

09

# پیشہ اور کام

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات اردو میں لکھیں۔

میرا نام حیدر ہے اور میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ میرے والد بیمار رہتے ہیں اور امی گھر کا کام کرتی ہیں اس لیے میں نے پڑھائی کے ساتھ ساتھ کام کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ میں ہر صبح اسکول سے پہلے لوگوں کے گھروں میں اخبار پہنچاتا ہوں۔ اس کام کا مجھے یہ فائدہ ہوا ہے کہ صبح سائیکل پر ورزش بھی ہو جاتی ہے اور پیسے بھی اچھے ملتے ہیں۔

0 9 . 1

حیدر نے نوکری کرنے کا فیصلہ کیوں کیا؟
دو باتیں لکھیں۔

**[2 marks]**

**[Turn over]**

0 9 . 2

حیدر کو کام کرنے سے کیا فائدے ہو رہے ہیں؟
دو باتیں لکھیں۔

[2 marks]

_____________________________________________

_____________________________________________

_____________________________________________

4

BLANK PAGE

[Turn over]

10

# پہاڑی علاقوں کی سیر

اردو رسالے میں دیے گئے اس مضمون کو پڑھیں۔

گرمی کی چھٹیاں شروع ہوتے ہی لوگ شہروں کی گرمی سے دور سرد اور خوشگوار موسم سے لطف اندوز ہونے کے لیے جب پہاڑوں کی اونچائی کی طرف جاتے ہیں تو ٹھنڈی ہوا ان کا استقبال کرتی ہے۔ پہاڑی علاقوں کی سیاحت کے دوران ان باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ رات کے وقت سفر نہ کریں۔ اگر آپ کو کچے پہاڑی راستوں

پر سفر کرنا ہے تو خود گاڑی چلانے کی بجائے
مقامی ڈرائیوروں اور گاڑیوں کا استعمال کریں۔
راستوں سے واقف نہ ہونے کی صورت میں
اس علاقے کا نقشہ خرید کر اپنے پاس رکھنا
چاہیے۔ ویسے تو گوگل میپ بہترین مددگار
ہے مگر جہاں انٹرنیٹ میسر نہ ہو وہاں یہ بھی
ساتھ چھوڑ دیتا ہے۔ پہاڑوں پر چڑھنا اور اترنا
بڑا مشکل کام ہے اس لیے چھڑی کا ہلکا سا
سہارا بہت مفید ہوتا ہے۔

[Turn over]

اُوپر دی گئی عبارت پڑھیں اور چار صحیح بیانات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| A | لوگ گرمی سے بچنے کے لیے پہاڑوں کا رخ کرتے ہیں۔ |
| B | پہاڑوں پر سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے۔ |
| C | رات کے وقت پہاڑی علاقوں میں ٹریفک نہیں ہوتی۔ |
| D | پہاڑی راستوں پر مقامی گاڑیوں کا استعمال بہتر ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مقامی ڈرائیور زیادہ پیسے لیتے ہیں۔ | E |
| علاقے کے راستوں کی معلومات کے لیے نقشہ ہونا ضروری ہے۔ | F |
| اکثر علاقوں میں ہوٹل اور گیسٹ ہاؤس جیسی سہولیات نہیں ملتیں۔ | G |
| پہاڑ پر چڑھنے کے لیے چھڑی کا سہارا لینا کافی مددگار ہوتا ہے۔ | H |

☐ ☐ ☐ ☐

**[4 marks]** /4

**[Turn over]**

11

# شادی کی رسومات

شادی کی رسومات پر لکھے اس بلاگ کو پڑھیں۔

پاکستان میں شادی کی تقریب کے وقت سب سے دلچسپ بات مختلف رسومات کی ادائیگی ہوتی ہے۔ کئی ایسے علاقے ہیں جہاں کے رسم ورواج سب سے الگ ہیں۔ وہاں شادی کے موقع پر لوگ اپنے خاندان کی رسومات سے کھل کر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ایک سندھی خاندان سے تعلق رکھنے والی خاتون جنھوں نے وہاں کئی شادیوں میں شرکت کی ہے انھوں نے یہ بتایا کہ صوبہ سندھ میں 'لاہوں' نام کی ایک بہت مشہور رسم ہوتی

ہے۔ اس میں *دولہا اور *دلہن کو ایک دوسرے کے سامنے بٹھاتے ہیں اور سب آکر دونوں کے سر کو تین بار ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں اور پھر ان کو پیسے دیتے ہیں۔ سندھی ثقافت کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ ساری رسمیں پاکستان بننے سے پہلے جو ہندو رہتے تھے ان سے آئی ہیں۔ ہماری *تہذیب میں اس کی کوئی اسلامی اہمیت نہیں ہے۔ اسی طرح صوبہ پنجاب کے مختلف علاقوں میں شادی والے دن دلہن کی سہیلیاں یا رشتہ دار دولہے کے جوتے چھپا لیتے ہیں اور پھر رقم وصول کرنے کے بعد واپس کرتے ہیں۔

***groom –** دولہا

***bride –** دلہن

***civilisation –** تہذیب

ہر سوال کے صحیح جواب کا انگریزی حرف
خانے میں لکھیں۔

**11.1** پاکستان کی شادیوں میں کیا چیز
بہت دلچسپ ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| موسیقی | رسمیں | ناچ |

**[1 mark]** ☐

11.2 لاہوں پاکستان کے کس صوبے میں شادی کی رسم ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| پنجاب | بلوچستان | سندھ |

[1 mark]

11.3 لاہوں کی رسم دولہا اور دلہن کے ساتھ کیسے منائی جاتی ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| سر ٹکرا کر | شیشہ دکھا کر | مہندی لگا کر |

[1 mark]

**11.4** عبارت کے مطابق لاہوں کی رسم کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| اسلام | ہندو | سکھ |

**[1 mark]**

**11.5** دولہا کے جوتے چھپانے کی رسم کون کرتا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| دلہن کے رشتے دار | دولہا کے دوست | دولہا کی بہن |

**[1 mark]**

**11.6** دولہا کے جوتے چھپانے کی رسم میں کیا مانگا جاتا ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| مٹھائی | پیسے | زیور |

**[1 mark]**

6

**[Turn over]**

## SECTION C

## Translation into ENGLISH

**1 2**

**Translate the Urdu blog for your teacher into ENGLISH.**

پچھلے ہفتے میں اپنے دوستوں کے ساتھ شہر کا نیا اور سب سے بڑا ہسپتال دیکھنے گیا۔ وہاں مریضوں کی بہت اچھی دیکھ بھال ہوتی ہے۔ ہسپتال میں ہر قسم کی سہولیات موجود تھیں اور صفائی کا بہت اچھا انتظام تھا۔ مجھے امید ہے کہ میں مستقبل میں ڈاکٹر بن کر یہاں کام کروں گا۔

**[9 marks]**

[Turn over]

9

**END OF QUESTIONS**

**Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.**

**Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.**

**Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.**

# BLANK PAGE

| For Examiner's Use | |
|---|---|
| Question | Mark |
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| 9 | |
| 10 | |
| 11 | |
| 12 | |
| TOTAL | |

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2023 AQA and its licensors. All rights reserved.